© rasailojaraid.com



# اسلامی نظام عدل۔ ایک اکائی ایک وحدت

چوہدری خالد نذیر، ایل ایل ایم (شریعہ)، زکواۃ و عشر ڈویژن، اسلام آباد

تمام اسلامی قوانین ایک مربوط نظام عدل کا حصہ ہیں۔ ان میں سے بعض کو اختیار کرنا اور بعض کو چھوڑ دینا درست نہیں۔ اصول قانون کے مسلمہ قواعد وضوابط بھی اس بات کی اجازت نہیں دیتے کہ کسی قانونی نظام کی کچھ چیزوں کو اختیار کر لیا جائے اور کچھ کو حسب خواہش ترک کر دیا جائے۔ علماء قانون اس بات پر متفق ہیں کہ ہر قانونی نظام ایک ناقابل تقسیم وحدت اور اکائی ہوتا ہے (۱) ہر قانونی نظام کا ایک بنیادی فلسفہ و سوچ ہوتی ہے۔ یہی بنیادی فکر اس قانونی نظام کا محور ہوتی ہے۔ باقی تمام قوانین اسی بنیادی سوچ اور فکر کا مظہر ہوتے ہیں۔

## شرعی قوانین کی امتیازی حیثیت

قانون کا موضوع انسانی سلوک و عمل ہے۔ انسانی فطرت و جبلت اور بنیادی ضروریات کسی بھی قانون کی ترکیب و ماہیت میں بنیادی عامل ہیں۔ شرعی قوانین کو دوسرے قوانین پر یہ امتیاز حاصل ہے کہ یہ خالق کائنات علیم و خبیر کا اپنی مخلوق کیلئے عطیہ ہیں۔ مخلوق کی فطری و جبلی ضروریات اس کے علم کا حصہ ہیں۔ لہذا اللہ بزرگ و برتر نے معاشرے میں انسانی تعلقات کو منضبط و منظم کرنے کیلئے بہترین قوانین و ضوابط عطا فرمائے۔

## قانون اور اس کا مقصد

انسان کے اپنے بنائے ہوئے نظاموں کا مطمح نظر اور مقصد بھی انسانی سلوک و عمل کو منضبط و استوار کرنا ہے مگر اس میں غلطی کا امکان ہوتا ہے لہذا وہ ہر وقت بہتر سے بہتر کی تلاش میں رہتے ہیں کبھی ایک قانون بناتے ہیں تو کبھی دوسرا (۲) کبھی ان کے قانون کی بنیاد عقل و فکر ہوتی ہے اور کبھی محض اکثریت کی رائے ہی قانون ہوتا ہے۔ خواہ اکثریت کی رائے پر مبنی قانون انسانی فطرت و جبلت کے خلاف ہی کیوں نہ ہو۔ اور کبھی یہ قانون حکم حاکم ہوتا ہے اور کبھی مسلسل انسانی عمل کی پیداوار ہوتا ہے (۳) غرض انسان کا وضع کردہ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



قانون بہت کم عقل و خرد کا پابند ہوتا ہے کیونکہ انسان کے بنائے ہوئے قانون کے وضع کرنے میں دیگر عوامل جیسے حاکم وقت کی ذاتی خواہش، مخصوص وقتی نظریات، مختلف طبقات کا متضاد رویہ بہت زیادہ اثر انداز ہوتا ہے۔ جبکہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے شریعت اسلامیہ کے ذریعے اپنے بندوں کو مسلسل قانونی تجربات کے نقصان سے بچالیا۔ اور غلطی سے پاک اور مبرا قوانین عطا کئے۔ جن پر عمل کر کے انسان ابدی فلاح کا حقدار بن جاتا ہے۔ یہ تمام قوانین ایک مکمل نظام عدل اور ناقابل تقسیم وحدت کا حصہ ہیں۔

## شرعی قوانین کا باہمی ربط

شرعی قوانین باہم مربوط ایک اکائی ہیں، جن کو جدا نہیں کیا جاسکتا۔ ہر شرعی اصول دوسرے اصول سے منطبق اور منضبط ہے۔ اسلامی قوانین کس طرح باہم مربوط ہیں اس کیلئے چند مثالیں پیش خدمت ہیں۔

### (۱) حد سرقہ

حد سرقہ کا اسلام کے معاشی نظام اور معاشرتی نظام کفالت سے گہرا تعلق ہے۔ اسلامی معاشی نظام اقتصادی بہبود کا ایک ایسا پروگرام مہیا کرتا ہے جس کے ذریعے افراد کی مادی حاجات کی تکمیل کی ضمانت دی جاتی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ اقرباء کی کفالت کا ایک مکمل نظام موجود ہے۔ اس کے بعد اگر کوئی چوری جیسے جرم کا ارتکاب کرے تو اسے سخت سزا دی جاتی ہے اور اگر ریاست کسی وجہ سے انفرادی و اجتماعی کفالت کی ذمہ داری پوری نہ کرسکے تو ان حالات میں حد جاری نہیں کی جاتی جیسا کہ حضرت عمرؓ کے دور حکومت میں جب عرب میں قحط کی صورت پیدا ہوئی تو آپؓ نے حد سرقہ جاری نہ فرمائی (۵) دوسرے الفاظ میں اسلامی معاشی پروگرام کا حد سرقہ سے گہرا تعلق ہے۔ لہذا حد سرقہ کے اجراء کے قانون سے پہلے درج ذیل قوانین کا نفاذ اور اجراء لازم ہے۔

(الف) استحسان سے پاک معاشی قوانین کا نفاذ۔ سود، ذخیرہ اندوزی، قمار، سٹہ، لاٹری کا خاتمہ، تجارتی و کاروباری قوانین کو قرآن و حدیث میں بیان کردہ اصول وضوابط کے تحت جاری کرنا۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



(ب) زکواۃ و عشر کے نظام کے ذریعے سماجی بہبود کا پروگرام مہیا کرنا۔

(ج) وسائل دولت کی منصفانہ تقسیم کو یقینی بنانا

(د) اقرباء کی کفالت سے متعلق قوانین کا مؤثر نفاذ

حد سرقہ کے نفاذ سے پہلے مذکورہ بالا قوانین کا نہ صرف نفاذ لازم ہے بلکہ عام آدمی کا ان قوانین کے ثمرات کو محسوس کرنا اور ان سے خاطر خواہ حد تک مستفید ہونا بھی ضروری ہے۔

## (۲) حد زنا

اس حد کا اسلام کے عائلی قوانین سے گہرا ربط ہے۔ اسلام نے نکاح کے قانون میں وسعت اور گنجائش رکھی ہے۔ ایک آدمی حسب حالات و شرط عدل ایک وقت میں چار عورتوں سے نکاح کر سکتا ہے (۶) اس قانونی وسعت کے باوجود اگر کوئی زنا جیسے جرم کا مرتکب ہوگا تو اسے سخت سزا دی جائے گی۔ لہذا حد زنا کے اجراء سے قبل نکاح و طلاق کے قوانین کا مکمل طور پر اسلامی شریعت کے مطابق ہونا لازم ہے۔ اس کے بغیر حد زنا کا اجراء قانونی ظلم و تعدی کو جنم دے گا (۷)

## (۳) قانون وراثت

اسلامی قانون وراثت کے تحت ترکہ میں بھائی کا حصہ بہن سے دوگنا مقرر ہے (۸) یہ اس بناء پر ہے کہ قانون نفقہ میں خاندان کی مادی کفالت کا ذمہ دار مرد کو بنایا گیا ہے۔ قانون نکاح میں مہر کی ادائیگی بھی مرد کے ذمہ ہے۔

یہ سب قوانین باہم مربوط اور ان کی حکمت و فلسفہ مشترکہ اصولوں پر مبنی ہے۔ ان کو جدا نہیں کیا جاسکتا۔ یہ نہیں ہوسکتا کہ قانون وراثت اسلامی ہو اور قانون نفقہ و کفالت احکامات شریعہ کے مطابق نہ ہو۔ اسلامی قوانین کی حکمت و فلسفہ کو سمجھنا ہو تو انہیں بطور مجموعی دیکھنا ہوگا۔ اسی طرح قوانین شریعہ کا نفاذ بھی کلی اور مکمل ہوگا شرعی قوانین کا جزوی نفاذ اس کی حکمت و فکر کے خلاف ہے۔ یہ ناقابل عمل اور بے ثمر ہے۔

## اسلامی قوانین کا جزوی نفاذ قرآنی احکامات کی صریح خلاف ورزی ہے

اسلامی نظام عدل چونکہ ایک مربوط اکائی اور وحدت ہے لہذا یہ ممکن نہیں کہ کچھ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



قوانین کو نافذ کردیا جائے اور کچھ کو چھوڑ دیا جائے - اس رویہ سے نہ صرف یہ کہ مطلوبہ نتائج کے حصول میں ناکامی ہوگی بلکہ یہ چیز نصوص قرآنیہ کے صریح خلاف ہے۔ارشاد باری تعالیٰ ہے:۔

''تو کیا مانتے ہو بعض کتاب کو، اور نہیں مانتے بعض کو، سو کوئی سزا نہیں اس کی جو تم میں یہ کام کرتا ہے مگر رسوائی دنیا کی زندگی میں اور قیامت کے دن پہنچائے جائیں، سخت سے سخت عذاب میں۔ اور اللہ بے خبر نہیں تمہارے کاموں سے''(۹)(۲:۸۵)

اس ارشاد خداوندی کے مطابق کچھ اسلامی قوانین کو قبول کرنا اور کچھ کو چھوڑ دینا کفر کے مترادف ہے۔(۱۰) اور اس کا انجام دنیا و آخرت کی زندگی میں ذلت ورسوائی کے سوا کچھ نہیں۔ ایک دوسری آیت کریمہ میں اللہ سبحانہ وتعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں:۔

''اب کوئی اور دین ڈھونڈتے ہیں سوا دین اللہ کے اور اسی کے حکم میں ہے جو کوئی آسمان اور زمین میں ہے خوشی سے یا لاچاری سے''(۱۱)

ایک اور آیت میں قرآن حکیم نے شرعی احکامات میں امتیاز برتنے یعنی کچھ کو اختیار اور کچھ کو چھوڑ دینے یا ان دونوں کے درمیان کوئی راستہ اختیار کرنے کو کفر سے تعبیر کیا ہے۔ چنانچہ فرمایا:۔

'' جو لوگ منکر ہیں اللہ سے اور اس کے رسولوں سے اور چاہتے ہیں کہ فرق نکالیں اللہ میں اور اس کے رسولوں میں اور کہتے ہیں ہم مانتے ہیں بعضوں کو اور نہیں جانتے بعضوں کو اور چاہتے ہیں کہ نکالیں اس کے بیچ میں ایک راہ ''ایسے لوگ ہی ہیں اصل کافر اور ہم نے تیار کر رکھا ہے کافروں کے واسطے ذلت کا عذاب''(۱۲)

## مطلوبہ مقاصد کے حصول میں ناکامی جزوی نفاذ کا نتیجہ ہے

پاکستان میں گزشتہ دھائی کے دوران مختلف موضوعات و معاملات سے متعلق شرعی قوانین کا نفاذ عمل میں آیا مگر معاشرے میں ان قوانین کے خاطر خواہ اثرات محسوس نہیں کئے جا رہے۔ اور نہ ہی عام آدمی ان قوانین کے ثمرات سے کماحقہ مستفید ہو رہا ہے۔ یہ صورت حال دراصل اسلامی قوانین کے جزوی نفاذ کا نتیجہ ہے۔ تمام اسلامی قوانین چونکہ ایک وحدت اور اکائی کا حصہ ہیں اور باہم ایک دوسرے کے ساتھ منسلک اور مربوط ہیں۔ لہذا شرعی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



قوانین کی برکات سے معاشرہ اس وقت تک فیض یاب نہیں ہوسکتا جب تک کہ یہ قوانین اپنی مکمل اور اصل شکل میں نافذ نہیں ہوجاتے۔

## اسلامی قوانین کا اس طرح نفاذ مختلف قانونی پیچیدگیوں کو جنم دیتا ہے

احکامات شرعیہ کا جزوی نفاذ مختلف قانونی ومعاشرتی پیچیدگیوں کا باعث ہوسکتا ہے۔ اس کی واضح مثال سپریم اپیلٹ شریعت بنچ میں ایک کیس میں سامنے آچکی ہے۔ واقعات کے مطابق فیڈرل شریعت کورٹ نے حد زنا کے ایک کیس میں ماخوذ ملزموں کو حدود آرڈیننس ۱۹۷۹ء کے تحت سزا دی۔ اس کے خلاف ملزموں نے سپریم شریعت اپیلٹ بنچ میں اپیل کی جہاں وہ بری قرار دے دیے گئے۔ سپریم شریعت بنچ نے یہ فیصلہ اس بنیاد پر دیا کہ فیڈرل شریعت کورٹ نے یہ سزا مسلم فیملی لاء آرڈیننس ۱۹۶۱ء کی دفعات کو بنیاد بنا کر دی تھی۔ جبکہ اسلامی شریعت کے اصل قانون کی رو سے ملزمان کو یہ سزا نہیں دی جاسکتی تھی۔ عدالت عالیہ نے بجاطور پر قرار دیا کہ ایسی صورت حال میں فیصلہ شرعی قانون کے مطابق کیا جائے گا نہ کہ مروج قانون کے مطابق (۱۳)

## شرعی قوانین کے نفاذ میں امتیاز ظلم وتعدی کا باعث ہوگا

یہ صورتحال اس وقت پیدا ہوتی ہے جبکہ عام قانون تو شرعی اصولوں سے مطابقت نہ رکھتا ہو مگر سزا کا قانون شریعت سے ماخوذ ہو۔ دوسرے الفاظ میں یوں کہیں کہ سزا تو اللہ تعالیٰ کے بنائے ہوئے قانون کے مطابق نافذ کی جائے جبکہ معاشرتی ضابطے انسان کے اپنے بنائے ہوئے قانون کے مطابق مقرر ہوں۔ اور ان ضابطوں میں وہ وسعت اور گنجائش کا پہلو موجود نہ ہو جو اللہ بزرگ و برتر کے عطا کردہ قانون میں موجود ہے تو ایسی صورت میں شرعی سزاؤں کا نفاذ مخلوق خدا پر قانونی ظلم وجور کا راستہ کھول دے گا۔

مذکورہ بالامثال میں سپریم شریعت اپیلٹ بنچ اگر ملزمان کی دادرسی نہ کرتا اور شرعی قانون کی بالادستی کو قائم نہ رکھتا تو قانونی ظلم نے اپنا راستہ بنالیا تھا۔ خالق کائنات نے اگر بعض جرائم پر سخت سزائیں مقرر فرمائی ہیں تو مناسب قانونی گنجائش وسہولت بھی عطا فرمائی ہے۔ یہ نہیں ہوسکتا کہ سزائیں تو ہم اللہ تعالیٰ کی طرف سے مقرر کردہ نافذ کریں اور معاشرتی ضابطے خود مقرر کریں۔ شرعی سزاؤں کی بنیاد شرعی ضابطے اور قانون ہیں۔ اگر

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



شرعی قانون وضابطے نافذ ہیں تو شرعی سزائیں بھی نافذ ہوسکتی ہیں اور اگر ایسا نہیں تو شرعی سزا بھی نافذ نہیں کی جاسکتی(۱۴) شرعی سزائیں محض سزائیں ہی نہیں بلکہ یہ حرام وحلال کی حدود کا بھی تعین کرتی ہیں۔ اور حلال وحرام کے تعین کا حق صرف خالق کائنات کو ہے۔ کسی حاکم کو یہ حق حاصل نہیں کہ وہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی قائم کردہ حلال وحرام کی حدود میں کمی یا زیادتی کرے۔

## شرعی قوانین کا نفاذ اور نظریہ تدریج

پاکستان میں اسلامی قوانین کے جزوی نفاذ کے حق میں بالعموم جو دلیل دی جاتی ہے وہ یہ ہے کہ آنحضرت ﷺ کے زمانے میں بھی شرعی قوانین بالتدریج نافذ کئے گئے(۱۵)

شرعی قوانین کا بالتدریج نفاذ نہ صرف جائز بلکہ مناسب بھی ہے۔ بشرطیکہ اس کی بنیاد قانونی شعور ہو نہ کہ حکمرانوں کی ذاتی پسند وناپسند۔ پاکستان میں تدریج کے فلسفہ پر عمل کیا گیا مگر اس کی بنیاد قانونی شعور نہیں بلکہ انتظامی سہولت، خواص کی زائے کا احترام اور حکومت کی صلاحیت کارپر رکھی گئی۔ قانون کا موضوع انسانی سلوک وعمل اور اس کا مقصد باہمی انسانی تعلقات کو نظم وضبط کا پابند کر کے معاشرے میں امن وسکون پیدا کرنا ہے تاکہ انسان ایک محفوظ اور پر مسرت زندگی گزار سکے۔ دنیا میں جو بھی قانون بنایا جاتا ہے اس کے دو حصے ہوتے ہیں۔ ایک حصہ میں قواعد وضوابط ہوتے ہیں جبکہ دوسرا حصہ ان قواعد وضوابط کی خلاف ورزی پر سزا کا تعین کرتا ہے۔

سوال پیدا ہوتا ہے کہ اولیت قانون کے کس حصے کو حاصل ہوگی۔ یقیناً اولیت قواعد وضوابط کو حاصل ہوگی نہ کہ سزا کو۔ اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے حدود کے بارے میں احکامات کے نزول سے پہلے معاشی ومعاشرتی نظم وضبط کے قوانین عطا فرمائے۔ انفاق فی سبیل اللہ، صدقہ، یتیموں اور بے آسرا لوگوں کی خبر گیری سے متعلق آیات پہلے نازل ہوئیں (۱۶) مال وجان، عزت وشرف کی حرمت سے متعلق احکامات پہلے نازل ہوئے اس کے بعد حدود کے بارے میں احکامات نازل ہوئے(۱۷)

اس پس منظر کو سامنے رکھتے ہوئے پاکستان میں اسلامی قوانین کے نفاذ اور نظریہ تدریج کا تجزیہ کریں تو ہمیں معلوم ہوگا کہ یہاں تو کام مخالف سمت سے شروع کیا گیا ہے۔ ہمارے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



عائلی قوانین ، معاشی قوانین وضابطے ، دیوانی و فوجداری ضابطے بدستور غیر اسلامی ہیں جبکہ ۱۹۷۹ء میں حدود آرڈیننس کے تحت زنا ، حد ، سرقہ ، حد حرابہ ، حد قذف اور حد شرب کا اجراء کردیا گیا ہے۔ یہ چیز فلسفہ تدریج ، اس کی حکمت اور قانونی شعور سے موافقت نہیں رکھتی۔ اسلام کا نظام عدل ایک مربوط اکائی اور مکمل وحدت ہے اس کا نفاذ کلی اور مکمل ہونا چاہیے۔ قانون میں سزا کا پہلو تو مؤخر ہوسکتا ہے۔ دادرسی اور معاشرتی نظم وضبط کا پہلو مؤخر نہیں ہوسکتا۔

## حاصل کلام

خلاصہ یہ کہ شرعی قوانین مکمل نفاذ کا تقاضا کرتے ہیں۔ شرعی قوانین کے نفاذ میں امتیاز اللہ بزرگ و برتر کے احکامات کی صریح خلاف ورزی اور اس کے غیض وغضب کو دعوت دینے کے مترادف ہے۔ اس طرز عمل سے نہ صرف یہ کہ عدالتی نظام گوناں گوں پیچیدگیوں کا شکار ہوگا الٹا یہ چیز مقاصد شریعہ کے حصول میں ناکامی کا باعث ہوگی۔ اس پر مستزاد یہ کہ اس صورت حال میں قانونی ظلم وزیادتی کی راہ کھل جائے گی۔ معاشرہ اسلامی قوانین کی برکات وثمرات سے محروم رہے گا۔ لہذا حکومت کو چاہیے کہ بلاتاخیر اسلامی نظام عدل اپنی مکمل اور اصل شکل میں نافذ کرنے کیلئے فوری طور پر درج ذیل اقدامات بروئے کار لائے

۱۔ دستور اسلامی جمہوریہ پاکستان ایک برتر قانون ہے اس میں ایسی مراعات جو اسلامی تصورات عدل کے منافی ہیں ختم کی جائیں۔

۲۔ عائلی قوانین میں علماء کے اعتراضات کی روشنی میں اصلاح کی جائے۔

۳۔ ضابطہ دیوانی اور ضابطہ فوجداری کو اسلامی اصولوں سے ہم آہنگ کیا جائے۔

۴۔ وفاقی شرعی عدالت کا دائرہ کار بلاامتیاز تمام قوانین تک وسیع کیا جائے۔

۵۔ سود کو ملکی و بین الاقوامی اقتصادی معاملات میں اس کی ہر شکل اور نوعیت میں ختم کیا جائے۔

۶۔ زکواۃ و عشر کے نظام کو مؤثر بنایا جائے۔

۷۔ قمار بازی ، سٹہ اور ذخیرہ اندوزی کا قلع قمع کیا جائے۔

۸۔ وسائل ثروت کو چند بااختیار ہاتھوں تک محدود نہ رکھا جائے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



۹۔ قریبی رشتہ داروں سے متعلق اسلامی قانون کفالت کا اجراء کیا جائے۔

۱۰۔ احتساب کے شعبہ کو مؤثر بنایا جائے۔

۱۱۔ بغیر محنت کے دولت کمانے کے رجحان کی حوصلہ شکنی کی جائے۔

۱۲۔ ظلم و جبر کا ہر صورت میں خاتمہ کیا جائے۔

۱۳۔ مقاصد شریعہ یعنی حفظ الدین (دین کی حفاظت) حفظ النفس (انسانی جان کی حفاظت) حفظ المال (مال کی حفاظت) حفظ العقل (شعور و آگہی کی حفاظت) کی ریاست کے حکمت عملی کے اصول کے طور پر اپنایا جائے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



# حوالہ جات


۱. Introduction to Jursprudence Lord LLoyd P.921

۲. التشریع الجنائی الاسلامی ج:۱ ص:۱۴ طبع بیروت . لبنان

۳. Introduction to Jursprudence Lord LLoyd P.921

۴. الجریمة العقوبة فی الفقہ الاسلامی ص:۳۱
محمد ابوزہرہ ، ادارہ القرآن ، کراچی ۱۴۰۷ھ،۱۹۸۷ء
التشریع الجنائی الاسلامی ج:۱ص:۱۵،۱۶،۱۸

۵. الجریمہ العقوبہ فی الفقہ الاسلامی ص:۴۴۱
فاروق اعظم ص:۶۹۴ محمد حسین ہیکل ، لاہور،۱۹۸۶ء اردو ترجمہ ،
حبیب اشعر مکتبہ میری لائبریری

۶. سورۃ النساء:۳

۷. التشریع الجنائی الاسلامی ج:۱ص:۱۹،۵۲،۴۵،۱۷۰

۸. سورۃ النساء :۱۱

۹. سورۃ البقرہ :۸۵

۱۰. تفسیر المنار ج:۱ ص:۳۷۳
محمد رشید رضا . دارالکفر الطبعة الثانیہ بیروت ، لبنان

۱۱. سورۃ آل عمران :۸۳

۱۲. سورۃ النساء:۱۵۰،۱۵۱

۱۳. PLJ 1992 SC 207

۱۴. التشریع الجنائی الاسلامی ج:۱ص:۱۷۰

۱۵. حرمت خمر کے احکامات بتدریج نازل ہوئے
حوالہ کیلئے ملاحظہ ہو سورۃ البقرہ کی آیت ۲۱۹ . سورہ المائدہ کی آیات ۹۰،۹۱

۱۶- ملاحظہ ہوں سورۃ الشوریٰ ، آیات ۳۶، تا ۳۹ سورۃ فاطر آیات ۲۹ تا ۳۰ سورۃ الیل آیات ۴تا ۷ اور اسی سورۃ کی آیات ۱۲ تا ۲۱، سورۃ المعارج آیات ۱۹ تا ۲۵ سورۃ سبا آیت ۳۹، سورۃ الذاریات آیات ۱۵ تا ۱۹ سورۃ محمد کی آیات ۳۶ تا ۳۸ سورۃ بنی اسرائیل آیت ۲۸ تا ۳۰، سورۃ الرعد آیت ۲۲ اور حد سرقے سے متعلق حکم، سورہ المائدہ آیت ۳۸ میں نازل ہوا۔


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



۱۷۔ ملاحظہ ہوں سورۃ البقرہ آیت ۱۸۸ سورۃ النساء آیات ۲۹ تا ۳۰ اور ۱۶۰ تا ۱۶۱ نیز سورۃ المائدہ آیت ۴۲ اور ۶۱ تا ۶۳ ان آیات کریمہ میں حرمت مال و جان واضح انداز میں بیان ہوئی ہے۔ سورۃ النور آیت ۴ تا ۵ اور ۶ تا ۹ اور آیت ۲۴ میں شریف عورتوں پر تہمت کی ممانعت اور سزا مذکور ہے جبکہ سورہ المعارج آیت ۱۹ تا ۲۲ سورۃ المؤمنون آیت ۵ تا ۷ سورۃ الفرقان آیت ۶۸ تا ۷۰ سورۃ الانعام آیت ۱۵۱ سورۃ النساء آیت ۱۶ میں زنا اور اس کے قریب قریب برائیوں کی حرمت اور ممانعت بتدریج بیان کی گئی۔ جبکہ سورۃ النور کی آیت ۲ میں زانی مرد اور عورت کیلئے سزا بیان فرمائی گئی۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



# اورنگ زیب عالمگیر کا نظامِ عدل

تحریر: فقیر محمد چشتی، شعبہ اسلامیات گورنمنٹ کالج سمن آباد، فیصل آباد

اسلام کے نظام عدل کے نفاذ کیلئے برصغیر پاک وہند کے مسلمانوں نے طویل ترین تاریخی جدوجہد کے بعد ایک مملکت حاصل کی۔ خوش قسمتی سے مملکت پاکستان ۲۷ رمضان المبارک کی شب ۱۴۔ اگست ۱۹۴۷ ۔ کو معرض وجود میں آئی۔ اسی مبارک شب کو اللہ تعالی کا آخری آئین قرآن مجید کی شکل میں ملا تھا جو اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ اسلام کے نام پر بننے والی نوزائیدہ مملکت میں نظام مصطفےٰ ﷺ رائج کیا جائے۔ شکران نعمت اور ادائے فرض کا تقاضا تھا کہ بلا کسی تاخیر و تذبذب کے پاکستان میں اسلامی نظام عدل نافذ کردیا جاتا لیکن لادینی عناصر ہمیشہ سد راہ رہے۔ سادہ دل عوام کو اسلام کے نام پر دھوکا دیا گیا۔ عوام نے نفاذ شریعت کیلئے قائم ہونے والی مملکت کے حصول کیلئے جو قربانیاں پیش کی تھیں انہیں فراموش کرنے کی کوشش کی گئی مگر الحمدللہ عوام کے دلوں میں اسلامی شمع جلتی رہی اور وہ اس مملکت کو لادینی عناصر کی گرفت سے نجات دلانے کیلئے ولولہ انگیز جدوجہد کرتے رہے۔ ۱۹۷۷ء میں تحریک نظام مصطفےٰ ﷺ بھی اسی سلسلہ کی ایک کڑی تھی آخر کار پاکستان کے بااختیار لوگوں کو اس عوامی مطالبے کی اہمیت کا اچھی طرح احساس ہو گیا اور وہ اس اعتراف پر مجبور ہوگئے کہ اسلام کے نام پر بننے والے ملک میں غیر اسلامی نظام کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔ اب وہ وقت آگیا ہے کہ ہم پاکستان میں اسلام کا وہ نظام عدل رائج کریں جسے اورنگزیب عالمگیر نے بھی ہندوستان میں نافذ کرکے اسلام کا بول بالا کردیا تھا۔ نتیجۃً جو امن وامان اور خوشحالی کی برکات حاصل ہوئیں اس کا اعتراف اپنے تو کیا بیگانے بھی کرنے پر مجبور ہیں۔ حکومت پاکستان بھی اس نظام سے استفادہ کرکے ملک کو ایک اسلامی فلاحی مملکت بنا سکتی ہے یہاں اس نظام عدل کی کچھ نمایاں خصوصیات کا ذکر کیا جاتا ہے۔

## قرآن وسنت کی برتری

اورنگ زیب عالمگیر کا اس پر پختہ یقین تھا کہ تمام کائنات کا اقتدار اعلیٰ صرف اللہ تعالی کو حاصل ہے۔ بادشاہ اللہ تعالی کا نائب ہے۔ اگرچہ ریاست کے تمام عمال بادشاہ کے

© rasailojaraid.com